نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

9 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

497/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے سیلاب زدہ افراد کو طبی سہولتوں کی فراہمی

اسلام آباد (9 ستمبر 2010ء) ___ حکومتِ امریکہ ایک غیر سرکاری تنظیم کو مالی اعانت فراہم کر رہی ہے جو 26 گشتی طبی ٹیموں کے لئے عملہ فراہم کر رہی ہے جن میں سے 18 ٹیمیں نوشہرہ، چارسدہ اور پشاور کے اضلاع میں کام کر رہی ہیں جبکہ آٹھ ٹیمیں کوہاٹ اور ہنگو کے اضلاع میں مصروفِ عمل ہیں۔ ہر طبی ٹیم ایک ڈاکٹر، ایک لیڈی ہیلتھ ورکر، ڈسپینسر، ہیلتھ ایجوکیٹر اور نفسیاتی اور معاشرتی مسائل کے بارے میں مشیر پر مشتمل ہے۔ یو ایس ایڈ کی یہ اشتراکِ کار تنظیم مردان میں اور نوشہرہ کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اسپتال میں اسہال کے علاج کے ایک ایک مرکز بھی چلا رہی ہے۔

2 اگست سے اب تک یہ طبی ٹیمیں صوبہ خیبر پختونخوا میں 28,551 مریضوں کو مشورے دے چکی ہیں جن میں 3 ستمبر کو 1,701 مریضوں کو مشاورت فراہم کی گئی۔ 3 ستمبر کو اِن ٹیموں نے اسہال کے شکار 190 مریضوں کا علاج کیا۔ نفسیاتی اور معاشرتی مسائل کے حل میں معاونت کرنے والی ٹیمیں سیلاب سے متاثر ہونے والے افراد میں تناؤ، پریشانی، ذہنی دباؤ اور نیند نہ آنے کی شکایات کا علاج کر رہی ہیں۔

امریکہ اب تک پاکستان کے عوام کو ہنگامی انسانی ہمدردی کی امداد کے طور پر 258 ملین ڈالر (21.93 ارب روپے) سے زیادہ کی اعانت فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ نے حلال کھانوں، تیار شدہ فولادی پلوں اور دوسرے اقتصادی ڈھانچے کی صورت میں دیگر سویلین اور فوجی امداد کے ساتھ ساتھ پاکستان میں امداد لانے اور متاثرہ علاقوں میں پہنچانے اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی مد میں بھی 2.8 ملین ڈالر (2.38 ارب روپے) مالیت کی اعانت فراہم کی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800